# یونیورسٹی آف بلوچستان، کوئٹہ۔

## ایم اے/ ایم ایس سی (سالانہ) امتحان ۲۰۱۴ء۔

Attention :- 1- Possession & use of mobiles & other electronic accessories are strictly prohibited . If any one possess / Uses , His /Her case will be sent to Unfair means committee.

2- If any candidate shows / Marks his / her identity in the Answer Book , He / She will be disqualified for the said paper .

مضمون۔اُردو۔ اردو شعر وادب بیسویں صدی میں پرچہ IX (Final)

وقت۔تین گھنٹے۔ کل نمبر ۱۰۰۔

---

نوٹ۔کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ پہلا سوال لازمی ہے جسکے ۴۰ منٹ ہیں۔ ۴۰ منٹ کے بعد جوابی کاپی ممتحن کے حوالے کردیں۔

### Section -I (Objective Portion ) 20 Marks

سوال نمبر ۱۔ مندرجہ ذیل میں سے (۱۰) سوالوں کے مختصر جواب تحریر کردیں۔

۱۔ شاعر انقلاب کس شاعر کو کہا جاتا ہے۔

۲۔ جگر مرادآبادی کی شاعری میں یاس ہے کہ امید۔؟

۳۔ مجید امجد انسان کے ازلی اور آفاقی دکھوں کا شاعر ہے۔ درست/غلط

۴۔ اُردو کے کس شاعر کو ایک باغی شاعر تصور کیا جاتا ہے۔

۵۔ یہ الفاظ ڈاکٹر جمیل جالبی نے کس شاعر کے بارے میں کہے ہیں۔ "انہیں عورت سے زیادہ عورت کا تصور عزیز ہے"۔

۶۔ نظم "پہلی بارش" کے مصنف کا نام لکھیے۔

۷۔ نظم حسن کوزہ گر کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

۸۔ "بلینک ورس" کو اُردو شاعری میں کس نام سے جانا جاتا ہے۔

۹۔ میراں جی کا اصل نام کیا ہے۔

۱۰۔ فیض احمد فیض کو کس صدی کا اہم شاعر مانا جاتا ہے۔

۱۱۔ شعر مکمل کیجئے۔ دل بے حوصلہ ہے اک ذرا سی ٹھیس کا مہمان

۱۲۔ کتاب "میراں جی فن و شخصیت" کے مصنف کا نام لکھیے۔

۱۳۔ درج ذیل شعرا کو زمانی اعتبار سے ترتیب میں لکھیے۔ ناصر کاظمی۔میراں جی، جگر مرادآبادی۔حسرت موہانی۔

۱۴۔ میراں جی نظم نگاری کے ساتھ ساتھ گیت نگاری میں بھی اعلیٰ مقام رکھتے ہیں۔ درست/غلط۔

۱۵۔ ناصر کاظمی کے پہلے شعری مجموعہ کلام کا نام بتایئے۔

### Section -II (Subjective Portion ) 80 Marks

کوئی سے چار سوال حل کریں۔ ہر سوال کے نمبر مساوی ہیں۔

سوال نمبر ۲۔ فیض احمد فیض ایک رجائیت پسند شاعر ہے۔اور زندگی کی قلعیت میں یقین کامل رکھتا ہے۔وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر ۳۔ حسرت موہانی کی شاعری کو ہم غم اور خوشی کا حسین امتزاج کہہ سکتے ہیں۔وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر ۴۔ جوش ملیح آبادی نے لکھنو کی شائستگی اور رچاؤ کو نئے سانچے میں ڈھالا ہے۔بیان کیجئے۔

سوال نمبر ۵۔ مجید اور امجد نے نظم گوئی میں اپنا الگ اور منفرد رنگ قائم کیا ہے۔وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر ۶۔ فراق گورکھپوری جمالیاتی شاعری میں ایک خاص اہمیت رکھتے ہیں۔وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر ۷۔ ناصر کاظمی کی شاعری میں کلاسیکی رنگ بڑا گہرا ہے۔مفصل بیان کیجئے۔

سوال نمبر ۸۔ جگر مرادآبادی کی شاعری پر مفصل نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر ۹۔ یاس یگانہ کو ان کی خود پرستی نے شہور کم اور بدنام زیادہ کیا ہے وضاحت کیجئے۔

ـــــ//ـــــ//ـــــ

یونیورسٹی آف بلوچستان، کوئٹہ۔

ایم اے/ ایم ایس سی (سالانہ) امتحان ۲۰۱۴ء۔

Attention :- 1- Possession & use of mobiles & other electronic accessories are strictly prohibited . If any one possess / Uses , His /Her case will be sent to Unfair means committee.

2- If any candidate shows / Marks his / her identity in the Answer Book , He / She will be disqualified for the said paper .

مضمون۔ اُردو۔ تنقید نگاری پرچہ VII (Final)

وقت۔ تین گھنٹے۔ کل نمبر ۱۰۰۔

---

نوٹ۔ کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ پہلا سوال لازمی ہے جسکے ۴۰ منٹ ہیں۔ ۴۰ منٹ کے بعد جوابی کاپی ممتحن کے حوالے کردیں۔

**Section -I (Objective Portion ) 20 Marks**

سوال نمبر ۱۔ مندرجہ ذیل میں سے (۱۰) سوالوں کے مختصر جواب تحریر کردیں۔

۱۔ اُردو تنقید کے دابستانوں کے نام لکھیے۔

۲۔ کتاب "تہذیب تحریر" کس کی تحریر ہے۔

۳۔ جمالیاتی اور تاثراتی تنقید میں کیا فرق ہے۔

۴۔ مارکسی تنقید سے وابستہ دو نقادوں کے نام لکھیے۔

۵۔ کلاسیکی تنقید کا تعلق کس دبستان سے ہے۔

۶۔ کیا تنقید کا مرتبہ تخلیق سے کم تر ہے۔

۷۔ مغربی تنقید کے پہلے نقاد کا نام لکھیے۔

۸۔ اس مغربی نقاد کا نام بتایئے جس نے لفظ تخئیل (Imagination) کو مخصوص تنقیدی معنی دیے۔

۹۔ کولرج کا تعلق کس ملک سے تھا۔

۱۰۔ آرنلڈ رومانی تحریک ادب کے خلاف کلاسیکی موقف کا حامی تھا۔ درست / غلط

۱۱۔ اُردو میں تذکرہ نویسی کا رواج کس زبان کے زیر اثر ہوا۔

۱۲۔ مولانا شبلی نعمانی کی کتاب "شعر العجم" کی وجہ شہرت کیا ہے۔

۱۳۔ آرنلڈ کے نزدیک نقاد کے کون کون سے تین مقاصد ہوتے ہیں۔

۱۴۔ تحقیق کے لغوی معنی بتایئے۔

۱۵۔ رومانوی تحریک کا آغاز کس سن میں ہوا۔

**Section -II (Subjective Portion ) 80 Marks**

کوئی سے چار سوال حل کریں۔ ہر سوال کے نمبر مساوی ہیں۔

سوال نمبر ۲۔ تنقید اور تخلیق کی تعریف کیجیے۔ ان میں فرق کے بنیادی نقطے کی وضاحت کریں۔

سوال نمبر ۳۔ اُردو تنقید میں محمد حسین آزاد کی تنقید نگاری کی اہمیت افادیت بیان کیجئے۔

سوال نمبر ۴۔ مولانا شبلی نعمان کی تنقید خیالات پر بحث کیجئے۔

سوال نمبر ۵۔ اُردو تنقید کے دبستانوں کے نام بتایئے۔ نیز ان کی اہمیت پر مفصل نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر ۶۔ مغربی تنقید میں ارسطو کا مقام متعین کیجئے۔

سوال نمبر ۷۔ ٹی ایس ایلیٹ کا تنقید سے مطلق بنیادی نظریہ کیا ہے۔ بحث کیجئے۔

سوال نمبر ۸۔ تحقیق کیا ہے اس کے اُصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ادب میں اس کی اہمیت واضح کیجئے۔

سوال نمبر ۹۔ رومانوی تنقید کیا۔ اُردو ادب میں اس تنقید کے کیا اثرات مرتب ہوئے۔ بیان کیجئے۔

یونیورسٹی آف بلوچستان، کوئٹہ۔

ایم اے/ایم ایس سی (سالانہ) امتحان ۲۰۱۴ء۔

Attention :- 1- Possession & use of mobiles & other electronic accessories are strictly prohibited. If any one possess / Uses , His /Her case will be sent to Unfair means committee.

2- If any candidate shows / Marks his / her identity in the Answer Book , He / She will be disqualified for the said paper .

مضمون۔اُردو۔ بلوچستان میں اردو شعروادب کی روایت پرچہ VIII(Final)

وقت۔تین گھنٹے۔ کل نمبر ۱۰۰۔

---

نوٹ۔کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ پہلا سوال لازمی ہے جسکے ۴۰ منٹ ہیں۔ ۴۰ منٹ کے بعد جوابی کاپی ممتحن کے حوالے کردیں۔

**Section -I (Objective Portion ) 20 Marks**

سوال نمبر ۱۔ مندرجہ ذیل میں سے (۱۰) سوالوں کے مختصر جواب تحریر کردیں۔

۱۔ "کتاب "ا" قبال شناسی" کے مصنف کا نام لکھیے۔

۲۔ "جوہر عروض" میں کن موضوعات کو پیش کیا گیا ہے۔

۳۔ "میں وہ شاعر ہوں جو بیدار ہے بیداری کرتا ہے۔جو نیکی کا محافظ ہے بدی پروار کرتا ہے" تخلیق کار کا نام لکھیے۔

۴۔ بیگم خورشید مرزا کی تحریروں کا شمار اُردو ادب کی کس صنف میں کیا جاتا ہے۔

۵۔ بلوچستان میں اُردو ادب کا آغاز شاعری یا نثر سے ہوا۔

۶۔ "لسانی مباحث" کس کی تخلیق ہے۔

۷۔ نصاب میں شامل بلوچستان کے ادبی حلقوں میں سے کسی چار کے نام لکھیے۔

۸۔ بلوچستان کے پہلے افسانہ نگار کا نام لکھیے۔

۹۔ محشر رسول نگری نے اُردو کی کس صنف میں شہرت حاصل کی۔

۱۰۔ بلوچستان میں ادبی تاریخ و تحقیق پر لکھی جانے والی پہلی کتاب کا نام لکھیے۔

۱۱۔ "بزم ادب" کس کی کوششوں سے قائم ہوئی۔

۱۲۔ 1935ء کا زلزلہ کس ادبی سیاسی شخصیت کی موت کا سبب بنا۔

۱۳۔ زمانی اعتبار سے درج ذیل شعراء کے نام لکھیے۔ عین الاسلام۔محمد حسین عنقا۔اثر جلیلی۔عطا شاد۔عابد شاہ عابد۔محشر رسول نگری۔

۱۴۔ سعید احمد رفیق کی کسی ایک تنقیدی کتاب کا نام لکھیے۔

۱۵۔ پروفیسر شیم احمد کی کسی ایک کتاب کا نام لکھیے۔

**Section -II (Subjective Portion ) 80 Marks**

کوئی سے چار سوال حل کریں۔ہر سوال کے نمبر مساوی ہیں۔

سوال نمبر ۲۔ بلوچستان کے کے ابتدائی مستند اُردو شعراء میں آغا صادق کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

سوال نمبر ۳۔ بلوچستان کے اُردو شعروادب پر اُردو کی ادبی تحریکیوں کے گہرے اثرات مرتب ہوئے۔مفصل لکھیے۔

سوال نمبر ۴۔ بلوچستان میں اُردو زبان وادب کی ترقی میں ادبی حلقوں کا اہم کردار رہا ہے حلقہ "حرف حکایات" کے قیام اور خدمات پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر ۵۔ بلوچستان کے ابتدائی اُردو ناولوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔خالد اقبال یوسف کے ناول "پڑاؤ" کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

سوال نمبر ۶۔ بلوچستان کے تخلیقی اور تنقیدی ادب کے فروغ میں ڈاکٹر انعام الحق کوثر کے کردار اور اہمیت پر نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر ۷۔ بلوچستان کی اردو تنقید نگاری میں پروفیسر شیم احمد کی تنقیدی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

سوال نمبر ۸۔ سعید احمد رفیق کی تنقید نگاری کا جائزہ لیتے ہوئے بلوچستان کی تنقید میں اُن کا مقام متعین کیجئے۔

سوال نمبر ۹۔ معین الحق کے فن افسانہ نگاری کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔بلوچستان کے اُردو افسانہ میں ان کا مقام متعین کیجئے۔

☆☆☆☆☆

یونیورسٹی آف بلوچستان، کوئٹہ۔

ایم اے/ ایم ایس سی (سالانہ) امتحان ۲۰۱۴ء۔

Attention - 1- Possession & use of mobiles & other electronic accessories are strictly prohibited. If any one possess / Uses, His /Her case will be sent to Unfair means committee.

2- If any candidate shows / Marks his / her identity in the Answer Book, He / She will be disqualified for the said paper.

مضمون۔ اُردو۔ اقبال کا خصوصی مطالعہ پرچہ۔ X (Final)

وقت۔ تین گھنٹے۔ کل نمبر۔ ۱۰۰۔

---

نوٹ۔ کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ پہلا سوال لازمی ہے جسکے ۴۰ منٹ ہیں۔ ۴۰ منٹ کے بعد جوابی کاپی ممتحن کے حوالے کر دیں۔

section 1 (objective portion) 20 marks

سوال نمبر ۱۔ مندرجہ ذیل میں سے (۱۰) سوالوں کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔

۱۔ اقبال کی اولین تصنیف کا نام لکھیں۔

۲۔ ''اسرارِ خودی'' کی اشاعت کب عمل میں لائی گئی؟

۳۔ ارمغانِ حجاز کی پہلی اردو نظم کا نام لکھیں؟

۴۔ نظم ''ذوق و شوق'' اقبال کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟

۵۔ اقبال نے اپنے خطبات سب سے پہلے کس شہر میں دیے؟

۶۔ اقبال نے عربی اور فارسی کی تعلیم کس استاد سے حاصل کی؟

۷۔ اقبال کی نظم ''نالہ'' سب سے پہلے کس رسالے میں چھپی؟

۸۔ اقبال کب سے کب تک یورپ میں رہے؟

۹۔ ''شذراتِ فکرِ اقبال'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

۱۰۔ شعر مکمل کریں۔۔۔ ''پھر چراغِ لالہ سے روشن ہوئے کوہ و دمن''

۱۱۔ ''سرود'' کے لغوی معنی کیا ہیں؟

۱۲۔ ابتداء میں اقبال اپنی غزلیات کی اصلاح کس سے کرواتے تھے؟

۱۳۔ اقبال نے گورنمنٹ کالج لاہور میں فلسفے کی تعلیم کس استاد سے حاصل کی؟

section 2 (subjective portion) 80 marks

نوٹ۔ کوئی سے چار سوال حل کریں۔ ہر سوال کے نمبر مساوی ہیں۔

سوال نمبر ۲۔ مندرجہ ذیل میں سے دو اجزاء کی تشریح کیجیے۔

الف۔ عشق سے پیدا نوائے زندگی میں زیر و بم
عشق سے مٹی کی تصویروں میں سوزِ دم بدم

اے مسلماں! اپنے دل سے پوچھ، مُلا سے نہ پوچھ
ہو گیا اللہ کے بندوں سے کیوں خالی حرم

ب۔ خداوندا! یہ تیرے سادہ دل بندے کدھر جائیں
کہ درویشی بھی عیاری ہے، سلطانی بھی عیاری

مجھے تہذیبِ حاضر نے عطا کی ہے وہ آزادی
کہ ظاہر میں تو آزادی ہے، باطن میں گرفتاری

ج۔ عشق کی تقویم میں عصرِ رواں کے سوا
اور زمانے بھی ہیں جن کا نہیں کوئی نام

عشق دمِ جبرئیل، عشق دلِ مصطفیٰ
عشق خدا کا رسول، عشق خدا کا کلام

سوال نمبر ۳۔ نظم ''خضرِ راہ'' کے موضوعات کا احاطہ مدلل انداز میں کیجیے۔

سوال نمبر ۴۔ اقبال مغربی جمہوریت کو آمریت ہی کا روپ قرار دیتے ہیں، تائید یا تردید کیجیے۔

سوال نمبر ۵۔ اقبال کے تصورِ خودی اور مراحلِ تربیتِ خودی پر جامع نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر ۶۔ ''قومیت کو علاقے کے ساتھ مشروط کرنے کا تصور جس کے بارے میں زمانہ حال میں بہت مبالغہ آرائی کی گئی ہے، خود اپنے اندر اپنی تخریب کے جراثیم رکھتا ہے''۔ اقبال کے اس بیان کی روشنی میں ان کے تصورِ قومیت کی وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر ۷۔ اقبال کے مطلوبہ اور پسندیدہ نظامِ تعلیم کے خد و خال واضح کریں۔

سوال نمبر ۸۔ اقبال کی غزل گوئی پر جامع نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر ۹۔ مری مشاطگی کی کیا ضرورت حسنِ معنی کو
کہ فطرت خود بخود کرتی ہے لالہ کی حنا بندی

اس شعر کی روشنی میں اقبال کے تصورِ شعر و ادب کی وضاحت کیجیے۔

---

یونیورسٹی آف بلوچستان، کوئٹہ۔

ایم اے/ ایم ایس سی (سالانہ) امتحان ۲۰۱۴ء۔

Attention :- 1- Possession & use of mobiles & other electronic accessories are strictly prohibited . If any one possess / Uses , His /Her case will be sent to Unfair means committee.

2- If any candidate shows / Marks his / her identity in the Answer Book , He / She will be disqualified for the said paper .

مضمون۔اُردو۔ مضمون نگاری پرچہ۔ XI (Final)

وقت۔تین گھنٹے۔ کل نمبر۱۰۰۔

---

نوٹ: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر جامع مضمون لکھیں۔

سوال نمبر۱۔ اقبالؔ کے بنیادی تصورات اور عہد حاضر میں ان کی اہمیت

سوال نمبر۲۔ غالبؔ کے کلام میں تصوف وفلسفہ

سوال نمبر۳۔ ہجرت کا المیہ اور اردو افسانہ نگاری کے رجحانات

سوال نمبر۴۔ ادب اور معاشرہ

سوال نمبر۵۔ مثنوی سحرالبیان کے ادبی محاسن

سوال نمبر۶۔ ترقی پسند تحریک کے اردو ادب پر اثرات

سوال نمبر۷۔ بلوچستان میں اردو شاعری کا آغاز وارتقاء

# UNIVERSITY OF BALOCHISTAN QUETTA

## MA / MSc ( ANNUAL) EXAMINATION .2014.

Attention:- 1- Possession & Use of mobiles & other electronic accessories are strictly prohibited . If any one possess / uses , his /her case will be sent to unfair means committee.

2- If any candidate show / Marks his / her identity in the answer book , he / she will be disqualified for the said paper .

Subject:- **URDU** Paper:- I (Prev)

تاریخ زبان و ادب اردو

Time Allowed :- 3 Hours Max : Marks : 100

**Note** :- Attempt any Five Questions in All But Question No. 1- in section --I is compulsory and the time for Section- I is only 40 Minutes. After Expiry of the Time paper should be handed over to the supervisory staff.

### section 1 (objective portion) 20 marks

سوال نمبر۱۔ مندرجہ ذیل میں سے (۱۰) سوالوں کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔

۱۔ اردو کے آغاز وارتقاء کے بارے میں مسعود حسن خان نے کون سانظریہ پیش کیا؟

۲۔ ''سب رس'' کے مصنف کا نام لکھیں۔

۳۔ بہمنی سلطنت کے زوال کے نتیجے میں دکن کتنی خودمختار ریاستوں میں تقسیم ہوا؟

۴۔ نظریہ ''دکن میں اردو'' نظریہ'' پنجاب میں اردو'' سے کتنے سال قبل کا ہے؟

۵۔ نظریہ'' پنجاب میں اردو'' کس سن میں پیش ہوا؟

۶۔ مثنوی'' کدم راؤ پدم راؤ'' کس دکنی عہد سلطنت کی یادگار ہے؟

۷۔ سرسید احمد خان کے اس رسالے کا نام بتائیں جس میں غدر کی وجوہات کی نشاندہی کی گئی ہے؟

۸۔ فورٹ ولیم کالج میں سب سے زیادہ کتابیں کس نے تالیف کیں؟

۹۔ شہرآشوب کسے کہتے ہیں؟

۱۰۔ ''انجمن پنجاب'' کا پورا نام لکھیں۔

۱۱۔ ''داستان تاریخ اردو'' کے مصنف کا نام لکھیں۔

۱۲۔ تاریخ ادب اردو میں سودا کی وجہ شہرت کیا ہے؟

۱۳۔ نصاب میں شامل علی سردار جعفری کی کتاب کا نام بتائیں۔

۱۴۔ ''واسوخت'' کیا ہے؟

### section 2 (subjective portion) 80 marks

نوٹ۔ کوئی سے چار سوال حل کریں۔ ہر سوال کے نمبر مساوی ہیں۔

سوال نمبر۲۔ میر وسودا کے دور میں مثنوی اہم صنف تھی۔ اتفاق یا اختلاف کے پہلو اجاگر کریں۔

سوال نمبر۳۔ بہمنی سلطنت کے زوال کے نتیجے میں سلطنت پانچ حصوں میں بٹ گئی۔ پانچ سلطنتوں کے پایہ تخت اور شاہان کی تفصیل لکھیں، نیز ان میں سے کون سی سلطنتوں میں ادب کی زیادہ خدمت کی گئی؟ بحث کیجیے۔

سوال نمبر۴۔ نصیرالدین ہاشمی کے نظریہ'' دکن میں اردو'' سے تحقیق کے نئے دروازے کھلے نیز اولیت کے اعتبار سے بھی ان کا نظریہ اہمیت کا حامل ہے۔ مدلل جواب دیں۔

سوال نمبر۵۔ انجمن ترقی اردو کے حوالے سے مولوی عبدالحق کی خدمات کا تجزیہ کیجیے۔

سوال نمبر۶۔ ترقی پسند ادب، ترقی پسند منشور کے عین مطابق تھا۔ اپنی رائے دیں۔

سوال نمبر۷۔ رومانوی ادب کے حوالے سے کسی ایک شاعر کی شاعرانہ خصوصیات کا احاطہ کیجیے۔

سوال نمبر۸۔ تحریک علی گڑھ کی ضرورت کیوں پیش آئی؟ اس تحریک سے قبل ہندوستان میں کون سی تحریکات موجود تھیں، جن سے اردو زبان کو بالواسطہ تقویت ملتی رہی؟

سوال نمبر۹۔ فورٹ ولیم کالج نے اردو نثر کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا۔ مدلل جواب دیں۔

-----------------------------------

یونیورسٹی آف بلوچستان، کوئٹہ۔

ایم اے/ ایم ایس سی (سالانہ) امتحان ۲۰۱۴ء۔

Attention - 1- Possession & use of mobiles & other electronic accessories are strictly prohibited. If any one possess / Uses, His /Her case will be sent to Unfair means committee.

2- If any candidate shows / Marks his / her identity in the Answer Book, He / She will be disqualified for the said paper

مضمون۔ اُردو۔ افسانوی ادب پرچہ۔ II (Prev)

وقت۔ تین گھنٹے۔ کل نمبر ۱۰۰۔

---

نوٹ۔ کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ پہلا سوال لازمی ہے جسکے ۴۰ منٹ ہیں۔ ۴۰ منٹ کے بعد جوابی کاپی ممتحن کے حوالے کر دیں۔

Section -I (Objective Portion) 20 Marks

سوال نمبر ۱۔ مندرجہ ذیل میں سے (۱۰) سوالوں کے مختصر جواب تحریر کر دیں۔

۱۔ ناول کے لغوی معنی تحریر کریں۔
۲۔ کردار ''انارکلی'' کا اصل نام لکھیے۔
۳۔ بنیادی طور پر کردار کی کتنی اقسام ہیں۔؟
۴۔ اختصار کس صنف افسانہ کی شناختی علامت ہے۔؟
۵۔ افسانہ ''زادِراہ'' کے مصنف کون ہیں۔؟
۶۔ ''باغ و بہار'' کا اصل ماخذ کس تصنیف کو قرار دیا جاتا ہے۔؟
۷۔ پلاٹ کی تعریف کیجیے۔
۸۔ ''وادی رقمن'' کس افسانے کا کردار ہے۔؟
۹۔ احمد ندیم قاسمی کس ادبی تحریک سے وابستہ تھے۔؟
۱۰۔ ''وحدت تاثر'' سے کیا مراد ہے۔؟
۱۱۔ عورت کس افسانہ نگار کی کہانیوں کا مرکزی کردار ہے۔؟
۱۲۔ ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کس پس منظر میں لکھا گیا افسانہ ہے۔؟
۱۳۔ لفظ ''افسانہ'' کے اصطلاحی معنی لکھیے۔
۱۴۔ مافوق الفطرت عناصر اور تخیل کس صنف سے مخصوص کیے جاتے ہیں۔؟
۱۵۔ امتیاز علی تاج کی بڑی وجہ شہرت کیا ہے۔؟

## section-2 (subjective portion)80 marks

سوال نمبر ۲۔ بیدی کے افسانوی خصائص ''رحمان کے جوتے'' کے پس منظر میں اجاگر کریں۔

سوال نمبر ۳۔ داستان ''باغ و بہار'' کا فنی تجزیہ کیجیے۔

سوال نمبر ۴۔ ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' عالمی معیار کا افسانہ ہے۔ تائید یا تردید کیجیے۔

سوال نمبر ۵۔ ڈراما ''انارکلی'' کی ادبی اہمیت بیان کریں۔

سوال نمبر ۶۔ افسانہ ''دو بیل'' کے فنی و فکری محاسن پہ روشنی ڈالیں۔

سوال نمبر ۷۔ کردار ''ابن الوقت'' پر مدلل بحث کیجیے۔

سوال نمبر ۸۔ ''امراؤ جان ادا'' کے پلاٹ پر مفصل نوٹ تحریر کریں۔

---

## یونیورسٹی آف بلوچستان، کوئٹہ۔

## ایم اے/ ایم ایس سی (سالانہ) امتحان ۲۰۱۴ء۔

Attention :- 1- Possession & use of mobiles & other electronic accessories are strictly prohibited . If any one possess / Uses , His /Her case will be sent to Unfair means committee.

2- If any candidate shows / Marks his / her identity in the Answer Book , He / She will be disqualified for the said paper .

مظمون۔ اُردو۔ اسالیب نثر اردو پرچہ۔ III(Prev)

وقت۔ تین گھنٹے۔ کل نمبر ۱۰۰۔

---

نوٹ۔ کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ پہلا سوال لازمی ہے جسکے ۴۰ منٹ ہیں۔ ۴۰ منٹ کے بعد جوابی کاپی ممتحن کے حوالے کر دیں۔

### Section -I (Objective Portion ) 20 Marks

سوال نمبر ۱۔ مندرجہ ذیل میں سے (۱۰) سوالوں کے مختصر جواب تحریر کر دیں۔

۱۔ غالب نے اپنے مکاتیب میں کس شہر کی بربادی کا ذکر کیا ہے؟

۲۔ اُردو کے سب سے پہلے سوانح نگار کا نام لکھیں؟

۳۔ "نیرنگ خیال" کس کی تصنیف ہے؟ اسکا تعلق کس صنف سے ہے؟

۴۔ "پاسبان" اور "گواہ" کس کا مضامین ہیں؟

۵۔ غالب کا پہلا خطوط کا مجموعہ کب اور کس نام سے طبع ہوا؟

۶۔ سات سمندر پار کتاب کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟

۷۔ "چند ہمعصر" میں موجود کوئی سے تین شخصیات کے نام لکھیں؟

۸۔ "سیرت النبی ﷺ" کا مصنف کون ہے؟

۹۔ مرزا ہرگوپال تفتہ کس کے شاگرد تھے؟

۱۰۔ حیات جاوید کے علاوہ حالی کی سوانح حیات کے نام لکھیں؟

۱۱۔ "وجہی سے عبدالحق تک" کے مصنف کا نام لکھیں؟

۱۲۔ "سیر زندگی" کے مضمون نگار کا نام تحریر کریں؟

۱۳۔ ابن انشا کے سفرنامے کا نام تحریر کریں جو نصاب میں شامل ہے۔

۱۴۔ "غبار خاطر" کس مصنف کی کتاب ہے؟ کس صنف سے تعلق ہے؟

۱۵۔ اسلوب کے علاوہ عابد علی عابد کی کسی تصنیف کا نام لکھیں؟

۱۶ پطرس کا پورا نام کیا ہے اور اُن کی کتاب کس نام سے شائع ہوئی؟

۱۷۔ رشید احمد صدیقی کی وجہ شہرت کیا ہے؟ خاکہ نگاری یا مکتوب نگاری؟

۱۸۔ "اُردو کے عناصر خمسہ" کی اصطلاح کس نے وضع کی؟

۱۹۔ غبار خاطر کے خطوط کس کے نام لکھے گئے؟

۲۰۔ سرسید احمد خان کے اصلاحی مضامین کس رسالے میں شائع ہوتے تھے۔

### Section -II (Subjective Portion ) 80 Marks

کوئی سے چار سوال حل کریں۔ ہر سوال کے نمبر مساوی ہیں۔

سوال نمبر ۲۔ مرزا غالب کے خطوط کی ادبی و تاریخی اہمیت کیا ہے؟

سوال نمبر ۳۔ مضامین سرسید کے اصلاحی پہلو پر تفصیلی اظہار خیال کریں؟

سوال نمبر ۴۔ طنز و مزاح کے حوالے سے آپ کس سے اور کیوں متاثر ہیں؟

سوال نمبر ۵۔ ابن انشاء کے مزاح کا فکری پہلو نمایاں کریں؟

سوال نمبر ۶۔ مولوی عبدالحق کی خاکہ نگاری کی خصوصیات اُجاگر کریں؟

سوال نمبر ۷۔ تمثیل کی تعریف کرتے ہوئے محمد حسین آزاد کے کسی ایک تمثیلی مضمون کا جائزہ لیں۔

سوال نمبر ۸۔ "حیات جاوید" کی روشنی میں حالی کے اسلوب کا جائزہ لیں۔

سوال نمبر ۹۔ مولانا عبدالکلام آزاد کے مکتوبات اردو نثر اپنے اسلوب کی بدولت منفرد مقام رکھتے ہیں تبصرہ کیجئے؟

☆☆☆☆☆

یونیورسٹی آف بلوچستان، کوئٹہ۔

ایم اے/ایم ایس سی (سالانہ) امتحان ۲۰۱۴ء۔

Attention :- 1- Possession & use of mobiles & other electronic accessories are strictly prohibited. If any one possess / Uses. His /Her case will be sent to Unfair means committee.

2- If any candidate shows / Marks his / her identity in the Answer Book, He / She will be disqualified for the said paper.

مضمون۔ اردو۔ اردو شاعری کلاسیکی عہد میں پرچہ۔ IV (Prev)

وقت۔ تین گھنٹے۔ کل نمبر۔ ۱۰۰۔

---

نوٹ۔ کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ پہلا سوال لازمی ہے جسکے ۴۰ منٹ ہیں۔ ۴۰ منٹ کے بعد جوابی کاپی ممتحن کے حوالے کر دیں۔

## Section -I (Objective Portion) 20 Marks

سوال نمبر ۱۔ مندرجہ ذیل میں سے (۱۰) سوالوں کے مختصر جواب تحریر کر دیں۔

۱۔ موضوع کے اعتبار سے مرثیے کی کتنی اقسام ہیں؟ نام بتایئے۔

۲۔ تشبیب سے کیا مراد ہے؟

۳۔ اُردو کا بنجارہ شاعر کسے کہا جاتا ہے؟

۴۔ بکاؤلی کس مشہور مثنوی کا کردار ہے؟

۵۔ ولی نے کس بزرگ کے مشورے سے اُردو میں شاعری کا آغاز کیا؟

۶۔ ردیف سے کیا مراد ہے؟

۷۔ شعر مکمل کریں۔ وائے نادانی کہ وقت مرگ یہ ثابت ہوا۔

۸۔ اکبر شاہ ثانی نے خاقانی ہند کا خطاب کس شاعر کو دیا؟

۹۔ قصیدے کے علاوہ سودا کس صنف شاعری میں مہارت رکھتے تھے؟

۱۰۔ دیا شنکر نسیم کا اصل نام لکھیے۔

## Section -II (Subjective Portion) 80 Marks

کوئی سے چار سوال حل کریں۔ ہر سوال کے نمبر مساوی ہیں۔

سوال نمبر ۲۔ ولی کی غزل کا بنیادی تخلیقی تجربہ جمال دوستی ہے جو اسلوب پرستی کی روایت کو بھی تخلیقی کرتا ہے؟ وضاحت کریں۔

سوال نمبر ۳۔ درد کی شاعری معنویت اور فن دونوں کا شاہکار ہے؟ بحث کریں۔

سوال نمبر ۴۔ صنف مرثیہ میں انیس کا مقام متعین کیجئے؟

سوال نمبر ۵۔ نظیر کی شاعری اپنے ماحول کی پیداوار ہے اور اس میں مقامی تہذیب و معاشرت کے تمام اچھے اور بُرے پہلو نظر آتے ہیں۔ بحث کیجئے۔

سوال نمبر ۶۔ اُردو قصیدہ گوئی میں سودا کا مقام متعین کیجئے؟

سوال نمبر ۷۔ مثنوی سحر البیان کا تنقیدی تجزیہ پیش کیجئے۔؟

سوال نمبر ۸۔ آتش کی شاعری لکھنوی کلام کا لطیف نمونہ ہے۔ بحث کیجئے؟

سوال نمبر ۹۔ ذوق نے اپنے قصائد میں اپنی علمیت اور اپنی قدرت بیان کا بھرپور مظاہرہ کیا ہے؟ وضاحت کیجئے۔

☆☆☆☆☆

یونیورسٹی آف بلوچستان، کوئٹہ۔

ایم اے/ ایم ایس سی (سالانہ) امتحان ۲۰۱۴ء۔

Attention
1- Possession & use of mobiles & other electronic accessories are strictly prohibited if any one possess / Uses , His /Her case will be sent to Unfair means committee
2- if any candidate shows / Marks his / her identity in the Answer Book , He / She will be disqualified for the said paper .

مضمون۔ اردو۔ میر و غالب کا خصوصی مطالعہ پرچہ۔ V (Prev)

وقت۔ تین گھنٹے۔ کل نمبر ۱۰۰۔

---

نوٹ۔ کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ پہلا سوال لازمی ہے جس کے ۴۰ منٹ ہیں۔ ۴۰ منٹ کے بعد جوابی کاپی ممتحن کے حوالے کر دیں۔

حصہ اول ۲۰ نمبر (دس سوالات کے مختصر جوابات لکھیے)

سوال نمبر ۱۔ ۱۔ ذکر میر کس کی کتاب ہے اور کس نے مرتب کیا تھا؟
۲۔ نیا دی بیگم کا غالب کا کیا تعلق تھا؟
۳۔ میر کا انتقال لکھنؤ کے کس محلے میں ہوا؟
۴۔ شاعری میں غالب کے استاد کون تھے؟ نام لکھیے۔
۵۔ سراج الدین علی خان آرزو سے میر تقی میر کا کیا رشتہ تھا؟
۶۔ "اردو کے کل ڈھائی شاعر ہیں" یہ کس کا قول ہے؟
۷۔ غالب کا لقب کیا تھا؟
۸۔ "نکات الشعرا" کس کی تصنیف ہے؟
۹۔ غالب کی زندگی میں ان کے خطوط کے کون کون سے مجموعے شائع ہوئے؟
۱۰۔ "میں کہ پہلے ہی فقیر تھا اور فقیر ہو گیا" میر نے یہ جملہ کس واقعے سے متاثر ہو کر لکھا تھا؟
۱۱۔ "نقد میر" کے مصنف کا نام لکھیے؟
۱۲۔ رام بابو سکسینہ نے غالب کی شاعری کے کتنے دور متعین کیے ہیں؟
۱۳۔ میر تقی میر کا انتقال کس مرض میں ہوا؟
۱۴۔ مصرع اولیٰ لگا کر شعر مکمل کیجیے۔ صبح کرنا شام کا لانا ہے جوئے شیر کا
۱۵۔ مصرع ثانی لگا کر شعر مکمل کیجیے۔ ابتدائے عشق ہے روتا ہے کیا

حصہ دوم ۸۰ نمبر (صرف چار سوالات کے جواب مطلوب ہیں)

سوال نمبر ۲۔ "میر کی شاعری اپنے عہد کی تاریخ ہے" اس بیان کی مدلل تائید یا تردید کیجیے۔
سوال نمبر ۳۔ غالب کی شعری انفرادیت ان کا استدلالی انداز ہے۔ مثالوں سے وضاحت کیجیے۔
سوال نمبر ۴۔ میر تقی میر کی شعری خدمات کا احاطہ کیجیے۔
سوال نمبر ۵۔ غالب کی غزل میں تصوف کے عناصر کا جائزہ لیجیے۔
سوال نمبر ۶۔ آپ میر اور غالب میں سے بہتر شاعر کسے قرار دیتے ہیں اور کیوں؟ وضاحت کیجیے۔
سوال نمبر ۷۔ غالب کی شاعری میں شوخی اور ظرافت پر بحث کیجیے۔
سوال نمبر ۸۔ "میر کی شاعری صرف بیزارکن دکھوں سے مزین ہے" مدلل وضاحت کیجیے۔
سوال نمبر ۹۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف پانچ اشعار کی تشریح کیجیے۔

i۔ کل پاؤں ایک کاسۂ سر پر جو آ گیا — یک سر وہ استخوان شکستوں سے چور تھا
ii۔ سب کہاں کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہو گئیں — خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہو گئیں
iii۔ ان نے پہچان کر ہمیں مارا — منہ نہ کرنا ادھر تجاہل تھا
iv۔ اے ترا غمزہ یک قلم انگیز — اے ترا ظلم سر بسر انداز
v۔ ہر زخم جگر داور محشر سے ہمارا — انصاف طلب ہے تیری بیدادگری کا
vi۔ یاد تھیں ہم کو بھی رنگا رنگ بزم آرائیاں — لیکن اب نقش و نگار طاق نسیاں ہو گئیں
vii۔ دل مضطرب سے گزر گئے شب وصل اپنی ہی فکر میں — نہ دماغ تھا، نہ فراغ تھا، نہ شکیب تھا، نہ فراز تھا
viii۔ میں بلاتا تو ہوں اس کو مگر اے جذبۂ دل — اس پہ بن جائے کچھ ایسی کہ بن آئے نہ بنے
ix۔ غنیمت ہے یہ وقت عزیز — میر اس کو رائگاں کھوتا ہے کیا